SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Monday, March 01, 1993.

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at thirty minutes after ten of the clock in the morning, with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

بسم الله الرحمن الرحیم

وکاین من نبی قتل معه ربیون کثیر فما وهنوالما اصابهم فی سبیل الله وما ضعفوا وما استکانو والله یحب الصبرینO وما کان قولهم الا ان قالو ربنا اغفرلنا ذنوبنا و اسرافنا فی امرنا و ثبت اقدامنا وانصرنا علی القوم الکفرین O فاتهم الله ثواب الدنیا و حسن ثواب الاخرة والله یحب المحسنینO

سورہ العمران (آیات ۱۴۶ تا ۱۴۸)

ترجمہ: اور بہت سے نبی ہوئے ہیں جن کے ساتھ ہو کر اکثر اہل اللہ (خدا کے دشمنوں سے) لڑے ہیں۔ تو جو مصیبتیں ان پر راہ خدا میں واقع ہوئیں ان کے سبب انہوں نے نہ تو ہمت ہاری اور نہ بزدلی کی نہ (کافروں سے) دبے اور خدا استقلال رکھنے والوں کو دوست رکھتا ہے اور (اس حالت میں) ان کے منہ سے کوئی بات نکلتی تو یہی کہ اے پروردگار ہمارے گناہ اور زیادتیاں جو ہم

SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Monday, March 01, 1993.

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at thirty minutes after ten of the clock in the morning, with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

بسم الله الرحمن الرحيم

وكاين من نبى قتل معه ربيون كثير فما وهنوالما اصابهم فى
سبيل الله وما ضعفوا وما استكانو والله يحب الصبرينO وما
كان قولهم الا ان قالو ربنا اغفرلنا ذنوبنا و اسرافنا فى امرنا و
ثبت اقدامنا وانصرنا على القوم الكفرين O فاتهم الله ثواب
الدنيا و حسن ثواب الاخرة والله يحب المحسنينO

سورہ العمران (آیات ۱۴۶ تا ۱۴۸)

ترجمہ: اور بہت سے نبی ہونے ہیں جن کے ساتھ ہو کر اکثر اہل اللہ (خدا کے دشمنوں سے) لڑے ہیں۔ تو جو مصیبتیں ان پر راہ خدا میں واقع ہوئیں ان کے سبب انہوں نے نہ تو ہمت ہاری اور نہ بزدلی کی نہ (کافروں سے) دبے اور خدا استقلال رکھنے والوں کو دوست رکھتا ہے اور (اس حالت میں) ان کے منہ سے کوئی بات نکلتی تو یہی کہ اے پروردگار ہمارے گناہ اور زیادتیاں جو ہم

اپنے کاموں میں کرتے رہے ہیں معاف فرما اور ہم کو ثابت قدم رکھ اور کافروں پر فتح عنایت کر تو خدا نے ان کو دنیا میں بھی بدلہ دیا اور آخرت میں بھی بہت اچھا بدلہ (دے گا) اور خدا نیکو کاروں کو دوست رکھتا ہے۔

LEAVE OF ABSENCE

جناب چیئرمین۔ جی رخصت کی درخواستیں ہیں۔ سردار یوسف خان ساسولی صاحب نے علالت کی بناء پر حالیہ مکمل اجلاس کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی درخواست منظور فرماتے ہیں؟

(درخواست منظور کی گئی)

جناب چیئرمین۔ جناب عالم علی لالیکا صاحب، خرابی صحت کی بناء پر ۱۸ تا ۲۷ فروری اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے، انہوں نے ان تاریخوں کی لئے رخصت کی درخواست کی ہے کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں ؟

(درخواست منظور کی گئی)

جناب چیئرمین۔ ماسٹر علی حیدر صاحب نے ذاتی مصروفیات کی بناء پر حالیہ مکمل اجلاس کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(درخواست منظور کی گئی)

FURTHER DISCUSSION ON THE ADDRESS OF THE PRESIDENT

جناب چیئرمین۔ جی جناب لاءمنسٹر صاحب۔

چوھدری عبدالغفور ، شکریہ جناب چیئرمین! میں مشکور ہوں کہ سینٹ کے اس موجودہ اجلاس میں صدر پاکستان کے پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے خطاب پر سیر حاصل بحث ہوئی اور میں اس بات کے لئے بھی اپنے فاضل ممبران کا نہ صرف مشکور ہوں بلکہ اس بات کو تحسین کی نظروں

سے (دیکھتا ہوں) اور اس کو میں recognize کرنا چاہتا ہوں کہ انتہائی زیرک اور mature قسم کی تقاریر اور کافی پر مغز خیالات کا اظہار کیا گیا۔ نہ صرف صدر پاکستان کے خطاب کے اندر جو چیزیں موجود ہیں ان تمام aspects کو touch کیا گیا بلکہ اس کے علاوہ بھی فاضل ممبران نے مختلف موضوعات پر جو فیڈرل گورنمنٹ کسی طور پر بھی حکومت کا concern تھے' اس پر اظہار خیال بھی کیا۔ مختلف تقاریر میں جو موضوعات زیر بحث آئے جو points discuss کئے گئے جن کا احاطہ کیا گیا' جن پر اظہار رائے کیا گیا' میں نے کوشش کی ہے ان کو مختصراً نوٹ کر لوں۔ اور کوشش کروں گا کہ briefly اس کا جواب بھی دوں۔ بہت لمبی بحث میں پڑنا اس وقت' اس مختصر سے وقت میں ممکن نہیں ہے تاہم میں کوشش کروں گا کہ جو پوائنٹ بھی اٹھایا گیا اس کا مناسب طور پر جواب دے سکوں۔

اس سے قبل کہ میں ان تقاریر پر اپنی رائے کا اظہار کروں' میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ صدر پاکستان کی تقاریر کا مسودہ میرے سامنے موجود ہے ۔ اس میں شاید ہی کوئی موضوع یا کوئی aspect حکومت کی کارکردگی کا یا جس کا تنقیدی جائزہ لیا جا سکتا ہو یا انہوں نے پارلیمان کی history میں ممبران پارلیمنٹ کے کردار ' ان کا رول' ان کی کارکردگی اور اس کو مناسب طریقے سے کس طور پر چلایا جا سکتا ہے' اس کا اظہار کیا۔ ملک کے اندرونی اور بیرونی پالیسیوں پر بھی سیر حاصل بحث ہوئی۔ صدر پاکستان نے اس کا مختصراً اس تقریر میں جائزہ لیا۔ ملک کو درپیش مسائل کو ترجیحاتی بنیادوں پر حل کرنے پر بھی اپنی رائے کا اظہار کیا۔ اس میں جہاں تک ابتدائی طور پر جو بات زیر بحث آئی اس بارے میں یہ موضوع زیر بحث رہا کہ یہ ایک فیڈرل گورنمنٹ نے یا ایک لکھی ہوئی تقریر صدر پاکستان نے یہاں آ کر پڑھ دی۔ ایک تیار شدہ مسودہ ہاؤس کے سامنے رکھ دیا گیا ۔ اس میں بے شک یہ اس کی ایک پرانی لمبی ہسٹری ہے پارلیمانی تاریخ کی۔ ہمارے ملک کی تاریخ کا ایک حصہ بھی ہے اور اب یہ آرٹیکل ۲ (۵۷) کے تحت ایک آئینی فریضہ بھی ہے کہ کوئی بھی پالیمانی سال کی ابتداء اس وقت تک نہیں ہو سکتی جب تک کہ صدر پاکستان دونوں ہاؤسز کے مشترکہ اجلاس سے خطاب نہ کریں۔ ہندوستان میں تو اس حد تک کہ عدالتوں نے اس تمام کارروائی کو set aside کر دیا اور غیر قانونی قرار دیا جو ابتدائی سال جو پارلیمانی سال شروع ہوتا ہے اگر اس کو صدر خطاب نہ کریں یا Head of the State خطاب نہ کریں۔

اس کی history کچھ یوں ہے جناب چیئرمین کہ اس Indo Pak کی history میں ۱۹۱۹ء

کے ایکٹ کے تحت ۱۹۲۱ء میں پہلی دفعہ یہ اعجاز اور یہ اعزاز حاصل ہوا گورنر جنرل کو کہ وہ جو Domanion Legislature کو جو Central Legislature ہیں ان کو خطاب کا حق رکھتے ہیں جب وہ چاہیں اس کو خطاب کر سکتے ہیں لیکن ایک mandatory شکل میں یہ ۱۹۴۷ء تک اسی طرح چلتا رہا۔ اور بالآخر جب partition معرض وجود میں آئی پاکستان معرض وجود میں آیا تو یہ حق جو ہیڈ آف دی سٹیٹ کو حاصل رہا یہ ۱۹۳۵ء کے ایکٹ کے تحت جاری رہا۔ ۵۶ اور ۱۹۶۲ء کے Constitution میں بھی ایک obligatory قسم کی provision موجود رہی۔ mandatory طور پر اس کو نہ اپنایا گیا لیکن یہ ۱۹۷۳ء کے آئین میں پہلی دفعہ آرٹیکل ۵۶ میں یہ mandatory provision رکھی گئی کہ جب تک صدر پاکستان اس کو خطاب نہ کریں آئندہ پارلیمانی سال شروع نہیں کیا جا سکتا۔ تو اسی کے تحت یہ ایک نہ صرف پارلیمان کی تاریخ میں history کا ایک حصہ ہے بلکہ یہ ایک آئینی فریضہ بھی ہے ۔ اس بات پر اظہار خیال کیا گیا کہ کیا یہ من و عن وہ مسودہ ہے جو حکومت نے ان کو پیش کیا یا ان کی اپنی رائے اور استدلال اور ان کا تجزیہ اس میں شامل ہے۔ ان کا اپنی رائے کا اظہار بطور صدر پاکستان اس میں موجود ہے یا نہیں تو میں اس میں صرف یہ اکتفا کروں گا کہ واقعی parliamentary form of government نے یہ sitting گورنمنٹ کا prerogative ہے کہ وہ اپنی گزشتہ سال کی تمام کارکردگی جو ان کے محکمے میں ہوئی ۔ جو اندرونی اور بیرونی مسائل سے نمٹنے کے لئے انہوں نے اقدامات کئے اور جو ان کے ارادے ہیں اس کارکردگی کا ایک مسودہ صدر پاکستان کو مہیا کرے۔ اس کے بعد اس کیا ترتیب اس میں کس حد تک وہ اپنی رائے کا اظہار کرتے ہیں اس کو کس حد تک صحیح گردانتے ہیں ، کس جگہ improvement کا عندیہ ظاہر کرتے ہیں یہ تمام باتیں اس تقریر سے خود مل جائیں گی۔

اس کا ابتدائی حصہ اور اس کے بعد کا حصہ ان ہی موضوعات پر زیر بحث رہا کہ صدر پاکستان نے بھرپور انداز میں اپنی رائے کا اظہار کیا اور پارلیمان کی کارکردگی پر اپنی رائے کا اظہار کیا اور اس طرح میں یہ عرض کر سکتا ہوں کہ یہ تقریر کا مواد گو فیڈرل گورنمنٹ نے مہیا کیا لیکن اس کا تجزیہ اور اس پر رائے قائم کرنے کا سہرا ان کے سر ہے اور اس کو پیش کرتے وقت انہوں نے اپنی رائے کا اظہار بھی کیا اور اسی طور پر سینٹ کے ممبران کی تقاریر کو خوش آمدید کہتے ہوئے کہ انتہائی خوش آئند انتہائی مثبت انداز میں بہت تعمیراتی تقاریر ہوئیں اور میں بہت متاثر ہوا کہ اکثریت بلکہ بھرپور طور پر اکثریت نے کھل کر اس پر اپنی رائے کا اظہار کیا۔ حکومتی

پالیسیوں کو تنقید کا نشانہ بنایا اور ان کی کسی حد تک تعریف بھی کی اور یہ جمہوریت کا ایک خاصہ ہے حسن ہے کہ اسی طریقے سے اس پر تنقید کی جائے۔ حکومت اپنا آئندہ لائحہ عمل ان تقاریر کی روشنی میں عوام الناس کا جو اظہار رائے ہے جو یہ نمائندگی کرتے ہیں عوام الناس کی اس کو سامنے رکھ کر تیار کرے اور اپنی غلطیوں کا ازالہ کرے۔ اس میں درستگی کرے۔ آئندہ کے لئے اپنی سمت متعین کرتے وقت ان کو سامنے رکھے۔

میں جناب چیئرمین آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ان کے تمام نوٹس تمام باتیں جو اس ہاؤس کے اندر کی گئیں یہ نہ صرف میں پرائم منسٹر کے نوٹس میں بلکہ کیبنٹ اور گورنمنٹ کے نوٹس میں اس کو اسی طریقہ پر لاؤں گا بھی اور ان کے نوٹس پر ہر محکمہ کو ہدایت بھی کی گئی کہ اس کے نوٹس تیار کرے اور اپنی اپنی منسٹری کو یہ اس کے لئے اس کے سامنے رکھیں تا کہ اس سے استفادہ کیا جا سکے۔ اس سے اپنی آئندہ کی راہیں جمہوریت کی راہیں متعین کریں کہ حکومت کے متعلق اس کی کارکردگی کے متعلق کس قسم کا اظہار عوامی نمائندگان نے کیا ہے۔

اس طرح اس نکتہ پر میں یہ عرض کرنا چاہتا تھا کہ مسودہ تقریر کا وہی من و عن مسودہ جو مہیا کیا گیا وہی ہے یا کہ صدر پاکستان کے رائے شامل ہے۔ جناب چیئرمین اکثریت ممبران نے اس ملک میں لاء اینڈ آرڈر کی پوزیشن پر اظہار خیال کیا۔ اس میں دو خاص طور پر موضوع زیر بحث رہے۔ ایک یہ کہ سندھ میں جو کلین اپ آپریشن شروع کیا گیا اس کے نتائج کیا برآمد ہوئے۔ اس میں کس حد تک کامیابی ہوئی۔ کس حد تک اس میں حکومت ناکام رہی اور اس کے علاوہ یہ بھی موضوع زیر بحث رہا کہ جو جرائم خواتین کے متعلق ان کی آبروریزی کے متعلق ان کے حقوق کے متعلق اس معاشرے میں اس ملک کے کونے کونے میں ڈھائے جاتے ہیں یا موجود ہیں اس سے نمٹنے کے لئے وزیر اعظم کے موجود اقدامات جو خود موقع پر داد رسی کے لیئے پہنچتے ہیں۔ مظلوموں کے پاس داد رسی کے لئے کوشش کرتے ہیں اس کو کس حد تک کامیابی ہوئی ؛ کیا اس سے جرائم میں کمی ہوئی ؛ کیا اس سے ان کی conviction میں اضافہ ہوا؟ کیا اس سے ان کو فائدہ ہوا؟

اسی طریقے سے یہ اور بھی بہت سی باتیں زیر بحث آئیں ۔ جناب چیئرمین میں صرف یہ کہنے پر اکتفا کروں گا کہ ہماری یادداشت پوری طرح ٹھیک ہے انشاء اللہ سب دوست اس بات سے آگاہ ہیں کہ موجودہ حکومت نے جب حکومت سنبھالی ملک میں امن و امان کی کیا پوزیشن تھی ؟ میں تو کہوں گا کہ اس سے سابقہ دور میں بھی اس سے پہلے دور میں بھی حتٰی کہ مارشل لاء کے دور

میں بھی جو سندھ کی حالت تھی وہ آپ کے سامنے ہے موجودہ حکومت کو ورثے میں جو حالت ملی اس میں تو یہ بھی ممکن نہیں تھا بلکہ سندھ کے کسی نہ کسی کونے میں کراچی کے کسی نہ کسی حصے میں کبھی کوئی لمحہ ایسا نہیں آتا تھا۔ کسی دن کا حصہ یا مہینہ یا سال کا حصہ ایسا نہیں تھا جب اس میں کرفیو نافذ نہ ہو جہاں گولیاں نہ چل رہی ہوں درجنوں لاشیں نہ اٹھ رہی ہوں یا کاروبار زندگی معطل نہ ہو اور لوگوں کے لئے اپنے بچوں کے ساتھ سڑکوں پر تفریح کے لئے نکلنا ممکن ہو۔

یہ تمام باتیں ایسی تھیں ایک وقت ڈر لگنے لگا تھا کہ پاکستان کا یہ حشر ہے ۔ کراچی اور سندھ کا یہ حصہ یہاں کس طور پر ادارے کامیاب ہوئے ہیں اور شاہرائیں اور سفر جو ہے ہوائی سفر کے علاوہ باقی کوئی اور سفر نہیں رہ گیا تھا جس کو محفوظ سمجھا جاتا بلکہ یہ بھی خدشہ سامنے آ رہا تھا کہ خدانخواستہ ہوائی سفر کے دوران بھی اگر حملہ کیا گیا تو پھر آنے جانے کا اور کیا طریقہ رہ جائے گا۔ یہ وہ حالات تھے جن کے دوران موجودہ حکومت نے اقتدار سنبھالا اور اس کارکردگی کو سمجھتے ہوئے میں آپ کو یہ واضح طور پر یہ کہنا چاہتا ہوں کہ پرائم منسٹر اس میں اتنے زیادہ متعلق تھے کہ انہوں نے پرائم منسٹر کا چارج لینے کے بعد سب سے پہلے جس چیز پر سب سے زیادہ توجہ دی وہ امن و امان کا مسئلہ تھا۔ کہا یہ گیا ہم اس سے بھی پہلو تہی کر سکتے تھے اور اسی طور پر وہ پہلو تہی کر سکتے ہیں کہ امن و امان کا مسئلہ صوبائی مسئلہ ہے ۔ اسمبلی میں جب بھی کوئی سوال اٹھایا گیا تو کہا جا سکتا تھا کہ یہ صوبائی مسئلہ ہے ۔ صوبائی گورنمنٹ جانے لیکن اس سے یہ کہ کر پہلو تہی نہیں کی گئی بلکہ اس کو face کرنے کے لئے اقدامات کئے گئے اس کا جائزہ لیا گیا۔ خود انہوں نے اپنی سرکردگی میں اپنی chairmanship میں بے شمار اجلاس کئے۔ آخر کار یہ طے ہوا کہ now and never کی بات ہے اگر اسی طرح اس کو ڈھیل دیتے رہیں گے تو ایک وقت آئے گا کہ ملک کا کونہ کونہ غیر محفوظ ہو جائے گا۔ لوگ عدم تحفظ کا شکار ہو جائیں گے بلکہ لوگ غیر لوگ تو کیا اپنے لوگوں کے رہنے کے قابل نہیں رہے گا تو یہ ایک جرائت مندانہ اقدام کیا گیا اور یہ بھی کہا گیا کہ اپنے ہی ساتھیوں کو۔ یہ کتنا بڑا جناب چیئرمین اقدام تھا کہ اپنے ہی ساتھیوں کو جو ان کے ساتھ بنچوں پر بیٹھتے تھے یہ جرأت کی گئی کہ اس میں چاہے اپنی گورنمنٹ کا کوئی کتنا ہی بااثر آدمی کیوں نہ ہو اپنی پارٹی کا یا کسی پارٹی کا ہر پارٹی بازی سے بالاتر رہ کر یہ ایکشن کیا جاوے اور کسی بھی طور پر -----

Syed Iqbal Haider: Question?

چوھدری عبدالغفور: آپ سوال کریں میرا خیال ہے کہ آپ کو حق حاصل ہے ۔میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس بات کا اعمار بھی کیا گیا اور ٹوٹل سندھ کلین اپ آپریشن صوبائی حکومت کی استدعا پر فیڈرل گورنمنٹ نے اپنی ایجنسیز کے ذریعے اور آرمڈ فورسز کے ذریعے وہاں نافذ کیا۔ آج تک ریکارڈ شاہد ہے کہ ایک بھی آواز کسی بھی کونے سے حتیٰ کہ پی ڈی اے اور اس کے چیئرمین کی طرف سے ایک بھی آواز اس کی partiality کے متعلق نہیں اٹھی ۔ یہ نہیں کہا گیا کہ فوج اس آپریشن کے دوران ان law enforcing agencies نے سیاسی بنیادوں پر یا کسی طور پر بھی اس کو سامنے رکھ کر گزشتہ حکومت کی طرح جب اس میں اختلاف پیدا ہوا کہ فیڈرل گورنمنٹ مصر ہے اس پر کہ ان کو لسٹیں مہیا کی جائیں۔ جس کو وہ چاہتے ہیں اس کے خلاف آپریشن کیا جائے۔ اس بات پر اختلاف ہوا تو موجودہ پرائم منسٹر نے اس بات کا عہد کیا کہ ہم نے امن و امان کے مسئلے کو درست کرنا ہے۔ اس بات کا فیصلہ کیا گیا کہ پارٹی سے بالا تر ہو کر کسی بھی اثر سے بالا تر ہو کر اس آپریشن کو چلانا ہو گا اور ہمیں حالات ٹھیک کرنے ہوں گے اور آج میں یہ بات آپ کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں ۔ پریس اس کی گواہ ہے کہ آج جو حالات ہیں وہ کس قدر improve ہوئے اور انشاء اللہ آج کاروبار زندگی کس طرح چل رہا ہے۔ لوگ کس طرح اپنے آپ کو محفوظ تصور کر رہے ہیں۔ سڑکیں ریلیں ہر چیز محفوظ ہے۔ لیکن وہ جو routine کے جرائم ہمیشہ سے ہوتے رہے ہیں اور ہوتے رہیں گے ان سے نمٹنے کے لئے ہمارے یہ جو ادارے ہیں وہ کام کرتے رہیں گے لیکن جو حالات ہم نے ورثے میں پائے تھے۔ آج ان کا انشاء اللہ وہاں شائبہ تک نہیں ہے اور بہت بہتری کی طرف حالات جا رہے ہیں۔ ابھی تک میں یہ نہیں کہہ سکتا کہ وہ ideal situation achieve کر پائے ہیں لیکن انشاء اللہ ایک وقت آئے گا جب یہ تمام چیزیں حاصل کر لی جائیں گی اور لوگوں کے لئے یہ ایک انتہائی امن کی جگہ ہو گی رہنے کے لئے اور لوگ اپنے آپ کو محفوظ سمجھیں گے۔

جہاں تک اس بات کا اعادہ کیا گیا اس بات کو بعض ممبران نے عجیب انداز میں پیش کرنے کی کوشش کی کبھی اس کو بی بی سی کی رپورٹنگ کے مطابق انٹرویو کے لئے بالمقابل آنے کی کوشش کی گئی کبھی ہاریوں کو زمین تقسیم کرنے کے مسئلے کو اس سے کمتر درجہ دینے کی کوشش کی گئی کبھی ان کی دن رات کی محنت کو اور جو وہ اس بارے میں کر رہے ہیں۔ اتنی محنت اتنے دورے اور مظلوم لوگوں کے لئے غریب لوگوں کے لئے ان کی داد رسی کے لئے ان کی

حق رسی کے لئے اور ان کی دلجوئی کے لئے میں نہیں سمجھتا کہ آج تک کسی وزیر اعظم نے تاریخ میں یا کسی بھی ملک کے وزیر اعظم نے اتنی زیادہ ہمت جرأت اور جوانمردی کے ساتھ اتنی تندہی کے ساتھ اور اس قدر pains لے کر اپنے ملک کے حالات کو درست کرنے کے لئے ایک ایک جگہ ان دشوارگزار راستوں کو عبور کر کے ان مشکل ترین جگہوں پر جہاں کسی حکومت کا ادنیٰ سے ادنیٰ اور کم سے کم تر بھی نہیں پہنچا ہو گا۔ وہاں وہ خود پہنچے اور کوشش کی اور کہا یہ گیا ' کیا اس سے کوئی فرق ہوا۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ محسوس کرنے والی بات ہے یہ دیکھنے والی بات ہے کہ لوگوں کو اعتماد حاصل ہوا ۔ لوگوں کو جرأت ہوئی کہ کسی ظلم کے خلاف آواز اٹھائی جا سکتی ہے۔ کسی بھی وڈیرے کے خلاف کسی بھی ایسے شخص کے خلاف جس کے خلاف آج تک کوئی زبان کھولنے کے قابل نہ تھا ۔ ان کے سامنے کھڑا ہونے کے قابل نہ تھا۔ ان کو ان کے در پر انہی کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا تھا اور یہاں تک کہ پاکستان بنانے کا مقصد ان کی سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ اب ہم نے انہی حالات سے دوچار رہنا ہے۔ ہم نے در بدر اسی طرح ٹھوکریں کھائی ہیں پاکستان میں بھی ہم نے عدم تحفظ کا شکار رہنا ہے ہم پر کوئی ہاتھ رکھنے والا نہیں ہے پاکستان بنانے کا غریب لوگوں کے لئے مطلب کیا تھا اس نے تو ان کو تحفظ دیا۔ یہ احساس پیدا کیا کہ آپ کا وزیر اعظم آپ کے پاس موجود ہے۔ آپ کی فیڈرل گورنمنٹ موجود ہے جہاں آپ مجھے پکاریں گے میں وہاں پہنچوں گا اور یہی وجہ ہے کہ آج جن جرائم کا کبھی نوٹس بھی نہیں لیا جاتا تھا ۔ مسٹر چیئرمین! کہا یہ جاتا ہے یہ اخباریں تو روز بھری ہوتی ہیں یہ جرأت اس لئے پیدا ہوئی اخباروں میں رپورٹنگ کی لوگوں کو جرأت اس لئے ہوئی کہ یہ وزیر اعظم وہاں پہنچ سکتے ہیں اس کا ایکشن لے سکتے ہیں اس کا سدباب کر سکتے ہیں۔یہی وجہ ہے کہ آج ہر مظلوم ہر چھوٹا موٹا جرم آشکار ہر کر سامنے آنے لگا ہے اور معلوم ہوتا ہے کہ شاید پہلے جرائم موجود نہیں تھے بلکہ اس کو یہ کہوں گا کہ یہ وہ حوصلہ یہ جرأت اور یہ تحفظ جو لوگوں کو حاصل ہوا ہے اس کی نشاندھی کرتا ہے کہ ہم ایک بہتر سمت کی طرف سفر کر رہے ہیں اور حالات بہتر ہو رہے ہیں۔

میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ بات بھی کی گئی کہ جناب یہ بات بھی ہو سکتی تھی کہ وہاں سندھ آپریشن کے دوران ہم وہاں کے لوگوں کے بنیادی حقوق معطل کر سکتے تھے جس علاقے کو بھی ملٹری کے سپرد کیا جائے ہمارے پاس آرٹیکل موجود ہے کہ خود بخود وہاں کے بنیادی حقوق معطل ہو جاتے ہیں لیکن ہم نے یہ نہیں کیا ہم نے اس بات کو تحفظ دینے کے لئے کہ کسی کے ساتھ

زیادتی نہ ہو۔ لاء انفورسنگ ایجنسی ہے اگر کسی کے حقوق پر ڈاکہ ڈالتے ہیں کسی کے ساتھ زیادتی کرتے ہیں تو عدالتوں کے دروازے کھلے رہیں جس کے ساتھ زیادتی ہو وہ عدالت ہائی کورٹ اورکسی جگہ بھی پہنچ سکتا ہے writ jurisdiction وہاں سے جاری ہو سکتی ہے ۔ کیا کوئی بلا وجہ بغیرکسی قانون کے آپ کو کیوں پابند رکھا گیا ہے۔یہ باتیں ہوئیں لوگ ہائی کورٹ تک گئے ان کو داد رسی ملی۔ اب بھی مل رہی ہے یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ گورنمنٹ کی نیت صاف تھی۔

ایک وقت تو جناب چیئرمین! یہ بھی تھا سات سال ایک حکومت کے ایسے گزرے میں بغیر نام لئے بتاؤں کہ ماسوائے چند دنوں کے سات سال میں ایک دن کے لئے بھی بنیادی حقوق بحال نہ ہوئے۔ دفعہ ۱۴۴ کا راج رہا۔ ہم نے سندھ میں کوئی ایسے حالات پیدا نہیں کئے کہ وہاں لوگوں کو داد رسی نہ ملے۔ جو مظلوم ہیں ان کو جس کے ساتھ وہ سمجھتے ہیں کہ گورنمنٹ کی ایجنسی یا ادارے ان کے ساتھ زیادتی کر رہے ہیں ان کو عدالت میں بھی داد رسی نہ ملے۔ یہ بات نہیں ہوئی بلکہ صرف اکتفا کیا گیا آرٹیکل ۱۴۷ اور ایک امنڈمنٹ کی گئی اور وہ آرٹیکل(اے)۱۳۱ میں کہ جو اختیارات ان کو ضروری ہیں ان کو وہاں research کے اور اس کو enforce کرنے کے لئے لاء انفورسنگ ایجنسی کو دیئے جائیں ۔ اور یہ بھی میں بتاؤں یہ پہلی گورنمنٹ ہے جناب چیئرمین! جس نے سندھ آپریشن شروع کرنے سے پہلے قومی اسمبلی میں اس پر کئی دن تک بحث کی۔ اور اپنے عوامی نمائندگان کی رائے حاصل کرنے کے بعد consensus بنانے کے بعد یہ آپریشن کیا گیا اور یہ بھی ایک unique situation ہے کہ یہ وہ حکومت ہے جب بھی کبھی یہ محسوس ہوا کہ عوامی سطح پر قومی سطح پر بین الاقوامی سطح پر کوئی ایسا چاہے وہ مشرق وسطیٰ کی War ہو یا کوئی اور یا flood situation ہو یا کواپریٹو سکینڈل ہو جو بھی ہو اس کو زیر بحث لایا جائے تو اس پر پھر بحث کی گئی کسی چیز کو موجودہ حکومت نے چھپانے کی کوشش نہیں کی۔ کسی جگہ یہ کوشش نہیں کی گئی کہ ہم پہلو تہی کریں اور بالا بالا کی کارروائی کریں لیکن ایوانوں کے سامنے لا کر ان کی آراء سننے کے بعد اور اس کی چھان بین کرنے کے بعد steps لئے گئے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہی ایک جمہوری حکومتوں کا مقصد ہوتا ہے یہی اس کے چلن ہوتے ہیں اور اسی سے جمہوریت پھلتی پھولتی ہے ۔ اسی سے لوگوں کو اپنی بات کہنے کا موقع ملتا ہے ۔

جناب چیئرمین! یہی وہ چیزیں ہیں جن کی بابت میں عرض کرنا چاہتا ہوں اور یہ بھی بات جناب چیئرمین! یہاں کی گئی ۔ یہاں میرے ایک فاضل ممبر سینٹ نے کہا کہ اسلحہ کی

فراوانی ہے اس کی برآمدگی کے لئے قوانین جاری کئے گئے اور اس کے لئے بہت propaganda کیا گیا اس پر کیا ہوا اور یہ بھی کہا گیا کہ law and order situation کو درست کرنے کے لئے کئی ایک meetings بھی ہوئیں۔ کئی ایک اس میں recommendations بھی آئیں اس پر کیا عملدرآمد ہوا۔ تو میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس پر تقریباً جناب چیئرمین! ۲۱ سفارشات مرتب ہوئی تھیں جو مختلف صوبوں کے متعلق تھیں ان کو بھجوائی گئیں کافی پر عملدرآمد ہو رہا ہے کچھ کے لئے مزید بجٹ کی پروویژن کی ضرورت ہے اس کو بجٹ کی پروویژن کے ساتھ ساتھ اس پر عمل کیا جائے گا اور اس کی ٹریننگ کے لئے ان کے recruitment کے لئے یہ ساری باتیں اس طرح کی جائیں گی کہ ان کی کارکردگی بہتر ہو اور ساتھ ہی ساتھ یہ بھی بات کی گئی کہ اسلحہ کی فراوانی اور برآمدگی کے لئے ---- چونکہ بنیادی طور پر provincial government کے ذمے یہ کام تھا اور انہوں نے اس کی برآمدگی کرنی تھی۔ اس کے لئے کئی ایک مشکلات درپیش ہوئیں۔ میں نہیں کہتا کہ اس میں پوری طرح کامیابی ہوئی لیکن جزوی کامیابی ہوئی مکمل کامیابی نہیں ہوئی بہت سا دارومدار صوبائی گورنمنٹ کی کارکردگی اور اس پر عملدرآمد کے متعلق تھا۔

دوسرا سب سے بڑا مسئلہ صوبائی خود مختاری اور ان اداروں کا لیا گیا کہ کس حد تک فیڈرل گورنمنٹ نے صوبائی خود مختاری کی قدر کی ہے۔ اس کو honour کیا ہے اس کے مطابق عمل کیا ہے تو میں صرف اس بارے میں یہ کہنا پسند کروں گا کہ جس طرح آپ کے علم میں ہے کہ جو بھی قومی سطح کا مسئلہ موجودہ حکومت نے حل کیا ہے وہ چاہے apportionment of water کا ہو چاہے وہ finance award ہو چاہے وہ کسی قسم کا مسئلہ وہ ہم نے ہمیشہ صوبائی گورنمنٹ کے اتفاق رائے حاصل کرنے کے بعد approval کے بعد اور یہ تمام چیزیں لوگوں کو confidence میں لے کر کی گئیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اتنے جرأت مندانہ اقدام پاکستان کی تاریخ میں کسی ایک گورنمنٹ نے ایک وقت میں اتنی واضح طور پر جرأت اور اتنی بلند ہمتی اور اتنی جوانمردی کے ساتھ اتنے اقدامات نہیں کئے۔

پانی کا مسئلہ جو ۷۰ سال سے پرانا تھا۔ اس کو touch کرنے کے لئے کہا جاتا تھا جو گورنمنٹ اس کو touch کرے گی اسی دن remove کر دی جائے گی اور overthrow ہو جائے گی اس کو خوش اسلوبی کے ساتھ طے کیا گیا۔ اس میں خامیاں ہو سکتی ہیں اس میں اختلاف ہو سکتا ہے لیکن میں یہ کہوں گا کہ تمام صوبوں کو confidence میں لے کر اسی طریقے سے یہ finance award کو آپ دیکھیں کتنی دیر سے pending چلا آ رہا تھا۔ کس طرح بڑے صوبے نے

قربانی دے کر کس طرح اپنے چھوٹے بھائیوں کو ساتھ لے کر ان کی consensus حاصل کر کے ان کی منظوری کے ساتھ اس ایوارڈ کو پاس کیا اور میں یہ بھی بتاؤں کہ گورنمنٹ ایک کے بعد دوسری آتی رہی لیکن کسی نے یہ جرأت نہ کی کہ CCI کی میٹنگ بلائیں۔ ایک وقت میں یہ کہا جاتا تھا کہ جس دن مشترکہ مفاد کی کونسل کی میٹنگ بلائی گئی تو شیرازہ بکھر جائے گا اس پر پہاڑ یا آسمان گر پڑے گا۔ لیکن اب متواتر اس کی میٹنگیں ہو رہی ہیں اس میں وہ قومی مسائل جو ان کے ذمے ہیں وہ حل کئے جا رہے ہیں اور اسی کے تحت قابل عمل ہو رہے ہیں۔

بجلی تیل اورگیس کی رائیلٹی ان صوبوں کو ہم نے دی اور یہ پہلے کسی حکومت نے جرأت نہیں کی۔ یہی وہ بین الصوبائی انصاف ہے یہ وہ بین الصوبائی خود مختاری ہے جس کو آنر کیا گیا جس کی commitment کو آنر کیا گیا اور ان کو اعتماد میں لے کر یہ تحفظ دیا گیا یہ احساس دیا گیا کہ یہ ایک فیڈریشن ہے۔ ایک ملک ہے۔ ایک وقت تو جناب چیئرمین! یہ بھی آ گیا تھا گزشتہ گورنمنٹ کے دنوں میں کہ کوئی چار صوبے مل کر ایک میز پر بٹھا نہیں سکتے۔ کبھی وزیر اعظم نے یہ ہمت نہ کی تھی کہ چاروں صوبوں کے چیف منسٹرز کو بلا کر ایک میز پر بیٹھ سکیں۔ کبھی کوئی مسئلہ چاروں صوبوں کا مشترکہ حل کر سکیں۔ مشترکہ مفادات کی کونسل کی ایک میٹنگ بلا سکیں۔ کسی قومی مسئلے کو touch کر سکیں لیکن آج یہ صورت حال ہے کہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے افہام وتفہیم کے ساتھ اور نیک نیتی کے ساتھ مل جل کر سب کام کر رہے ہیں اور ایک پاکستان کا ایک وحدانیت کا ایک پاکستان کا تصور ابھرا ہے اور اعتماد پیدا ہوا ہے کہ ملک ایک ملک کے طور پر زندہ رہ سکتا ہے انشاء اللہ زندہ رہے گا۔ اور جو چھوٹی موٹی چیزیں ہیں ان کو ہم remove کرتے رہیں گے ان کو حل کرتے رہے گے۔

رہ گئی بات جناب عالی کہ اقتصادی صورت حال کے متعلق بھی بہت سے ممبران نے اپنی رائے کا اظہار کیا میں اس پر زیادہ کچھ نہیں کہوں گا کیونکہ اقتصادی صورت حال کے بارے میں کل وزیر اعظم نے خود کافی باتیں کی ہیں اس کو میں دہرانا مناسب نہیں سمجھتا۔ صرف یہ بات عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس دور میں جب کہ یورپین مارکیٹ اور امریکہ جیسی developed countries میں جو recession وہاں رہا اس کے مقابلے میں جو ترقی یہاں ہو رہی ہے اور جس سمت یہاں قدم اٹھایا جا رہا ہے اور موجودہ حکومت جو کوششیں کر رہی ہے اور GDP کا جو growth rate یہاں موجود ہے جو پانچویں نمبر پر پوری دنیا میں پاکستان موجود ہے اور ساڑھے چھ

فیصد جو growth rate موجود ہے اس سے زیادہ اس بات کا جس کو پوری بین الاقوامی اور ان تمام طاقتوں نے accept کیا ہے اور اس کی تائید بھی کی ہے اس کو تحسین بھی کیا ہے اور اس کو سراہا بھی ہے کہ موجودہ گورنمنٹ کی یہ پالیسیاں جو ہیں صحیح سمت جا رہی ہیں اور اگر یہ آئندہ جاری رہتی ہیں یا اس کو پچھلے چند سالوں سے شروع کر دیا جاتا تو پاکستان کا نقشہ کچھ اور ہوتا تو میں اس بارے میں مزید کچھ نہیں کہوں گا لیکن یہ بات میں عرض کرنا چاہوں گا کہ موجودہ حکومت کے دور میں سیلاب نے کافی تباہی مچائی۔ سیلاب جس قدر ہماری شاہراہوں کو پلوں کو اور زندگی کے معمولات کو جس طرح اس نے معطل کیا جس طرح تباہ کیا اس سے تمام ہاؤس' بلکہ تمام پاکستان' دنیا کے اکثر ممالک ان سے واقف ہیں جس طرح اس سے نمٹنے کے لئے موجودہ حکومت نے پرائم منسٹر نے اس کی ٹیم نے جس طرح کام کیا اور جگہ جگہ پہنچ کر لوگوں کی ڈھارس بندھائی اس کے کام آئے ان کو دوبارہ اپنے پاؤں پر کھڑا کیا یہ میں سمجھتا ہوں کہ بہت بڑا کارنامہ ہے۔ کسی اور جمہوری قوتوں کے دور میں یا کسی پرائم منسٹر اور پاکستان میں ایسی کسی کارکردگی کی مثال پورے اس دور میں یا گزشتہ دور میں کیا بلکہ پورے پاکستان کے دور میں نہیں ملتی۔

جناب چیئرمین! اس کے علاوہ یہ بات ہوئی کہ یہاں نج کاری کی پالیسی کے متعلق بھی پرائم منسٹر صاحب نے کافی تفصیل سے بیان دیا ہے ۔ اس کو میں touch نہیں کرنا چاہتا لیکن یہ وہ قدم ہے جس کے تحت آئندہ چل کے ایک interim period میں اس کے کوئی options ہو سکتے ہیں لیکن اس کے بعد آپ دیکھیں گے جب competition کی فضا سامنے آئے گی تو کس قدر یہ ادارے قابل تعریف ہوں گے اور اس ملک کی economy کو کس طرح build up کر رہے ہونگے' کس طرح بے روزگاری کا خاتمہ ہو گا اور کس طرح اس ملک کی economy جو ہے بہتر بنیادوں پر ہو سکے گی اور اسی طریقے سے موٹروے کا ایک open up کرنے کے لئے پورے ملک کو اتنا بڑا منصوبہ ' اور یہ بہت پہلے شروع ہو جانا چاہئے تھا اور اس پر مختلف آراء کا اظہار کیا گیا۔ مختلف لوگوں نے کہا کہ اس میں جی بڑی دھاندلی ہوئی ہے۔ اس کے لئے انڈیا میں ترکی میں کئی ایک جگہوں پر اس کے متبادل طور پر منصوبے لا کر سامنے رکھے گئے اور یہ بھی چیلنج کیا گیا کہ کوئی اور کمپنی کوئی اور پارٹی اس کے مطابق اس specification کی کوئی اور کمپنی آ سکتی ہے تو اس کو take over کر لے لیکن کسی میں یہ جرائت نہیں ہوئی۔ باتیں بنانا جناب چیئرمین! بہت آسان ہیں تنقید بڑی آسان ہے لیکن کام کرنا بہت مشکل ہے۔ موجودہ حکومت کام کرنے کی حامی

ہے اور خاموشی سے اور اپنے انداز میں کام کئے جاتی ہے اور انشاء اللہ ایک وقت آئے گا کہ پاکستان ترقی کی ان منازل کو طے کرتا ہوا ان بلندیوں کو چھوئے گا جن کے خواب قائداعظم اور جن کا عمل اور خواب قائداعظم اور علامہ اقبال نے دیکھے تھے۔

اس کے علاوہ یہ بات زیر بحث آئی یہاں کہ خواتین کی سیٹیں جو ہیں ان کی نمائندگی ابھی تک کیوں عمل میں نہیں آ سکی۔ جن حضرات نے اس پر اظہار خیال کیا ان کو علم ہونا چاہیئے کہ یہ Constitution کی provision گزشتہ حکومت کے دور میں ختم ہو گئی تھی اور اس کے بعد گزشتہ دور کی حکومت کو یہ جرأت نہ ہو سکی کہ ان سیٹوں کو بحال کرے۔ ہماری طرف سے اس وقت تمام deliberation مکمل ہے۔ بل تیار ہے اور میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ عنقریب انشاء اللہ مناسب وقت پر اس کو پارلیمنٹ کے سامنے پیش کیا جا رہا ہے اور اس کے لئے کوئی دو رائے نہیں ہو سکتی۔ البتہ یہ بات میں ضرورکہوں گا کہ یہ نمائندگی خواتین کی اس میں مختلف رائے کا اظہار کیا گیا۔ کچھ لوگوں نے کہا کہ خواتین جو دیہات میں رہتی ہیں' ان کی نمائندگی نہیں ہوتی بلکہ پڑھی لکھی چند خواتین کو یہاں نامزد کر کے لایا جاتا ہے اور وہ تمام خواتین کی نمائندگی نہیں کرتیں۔ کچھ نے کہا جناب ہم ان کے ووٹوں سے elect ہو کر آتے ہیں یہ ان کی نمائندگی ہو جاتی ہے۔ اس کے باوجود میں کہتا ہوں کہ یہ ۵۲ فیصد یا ۵۱ فیصد جو خواتین اس ملک میں موجود ہیں ان کو active partner کے طور پر اس ملک میں پوری نمائندگی دینے کے لئے ابھی تک وہ حالات موجود نہیں ہیں وہ direct election لڑ کر آ سکیں اور ضرورت اس امر کی ہے کہ ان کی نمائندگی بتدریج ان کو دی جائے اور ان کو کم کیا جائے اور سیاسی جماعتوں کا بھی یہ فرض بنتا ہے جناب چیئرمین ! ابھی تک ہمارے سامنے مثالیں موجود ہیں کہ direct election لڑ کے خواتین آ رہی ہیں آئی ہیں اور آتی رہیں گی۔ ہماری نیشنل اسمبلی میں بھی ہماری provincial assemblies میں بھی ایسی خواتین موجود ہیں جو direct election لڑ کے آئی ہیں لیکن ضرورت اس امر کی ہے کہ پولیٹیکل پارٹیز اپنی جب ٹکٹیں تقسیم کریں تو ان کو بھی ٹکٹ دے۔ اگر پولیٹیکل پارٹی کے پینل پر وہ آئیں گی تو یقینی طور پر ڈائریکٹ الیکشن میں وہ آنا شروع ہوں گی۔ اس طریقے سے ان کی ہمت افزائی ہو گی حوصلہ افزائی ہو گی اور ایک وقت آئے گا کہ معاشرہ اس قابل ہو جائے گا کہ خواتین ڈائریکٹ نمائندگی کے قابل ہو سکیں تو میں اسی پر اکتفا کروں گا انشاء اللہ بہت جلد یہ بل جو ہے لایا جائے گا اور ہم ان کو نمائندگی انشاء اللہ دیں گے۔

دوسری بات جناب والا! جس کا بہت زیادہ اظہار کیا گیا وہ الیکشن لاز ہیں۔ اقبال حیدر صاحب یہاں موجود نہیں ہیں، انہوں نے کل اس کے متعلق باتیں کہی تھیں اچھا وہ بیٹھے ہیں۔ میں آپ (اقبال حیدر صاحب) کی تعریف کرنا چاہتا ہوں کہ آپ نے بہت پر مغز خیالات کا اظہار کیا تھا الیکشن لاز کے متعلق اور ان کی تجاویز بڑی معقول تھیں اور اس بارے میں ہم خود study کر رہے ہیں اور پرائم منسٹر صاحب نے جب پریذیڈنٹ کے اس خطاب کے دوران بھی اور اس کے بعد بھی میرے ذمے لگایا کہ الیکشن لاز کو سٹڈی کیا جائے کہ کیا وجہ ہے کہ صرف دھاندلی اور دھونس یا بلیک منی کے ذریعے کیا لوگ یہاں آتے رہیں گے اور کیا آئندہ اسی طور پر یہ دروازہ open رہے گا اس کے لئے (اس طرح) تو ایک مخصوص طبقے کے لئے یہ صرف privilege ہوکر رہ جائے گا الیکشن لڑنے کا باقی لوگوں کو صرف ووٹ دینے کی حد تک کریڈٹ ضرور رہے گا۔ یہ جمہوریت، جمہوریت نہیں ہو گی چنانچہ اس بارے میں ہم پوری طرح چھان بین کر رہے ہیں کہ الیکشن لاز میں مناسب ترامیم کی جائیں تا کہ ایک عام آدمی اپنے کردار اور اپنی کارکردگی کی بناء پر اسمبلیوں میں جگہ پا سکے اور تب ہی اس ملک کی قسمت بدل سکتی ہے جب کہ مساوی مواقع عوام الناس کے لئے موجود ہوں جو الیکشن لڑ سکیں اور اس کا انتظام گورنمنٹ کرے اور اس میں کئی ایک ملک ایسے ہیں جس میں گورنمنٹ اپنی سطح پر اپنے خرچے پر ایک فنڈ قائم کرے لیکن اس کی ابھی تک بہت منزل دور ہے ۔ ہم اس کو سٹڈی کر رہے ہیں اور مناسب وقت پر انشاء اللہ پارلیمنٹ میں اس سلسلہ میں مباحثہ ہو گا اور آپ کی آراء سے استفادہ کرتے ہوئے ان لاز کو اس طرح ترمیم کیا جائے گا کہ اس بات کو ensure کیا جائے اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ یہ عام آدمی بھی اسمبلیوں کی سطح پر الیکشن لڑ کر آسکیں گے اور یہ بات صرف مخصوص طبقے کے لئے مختص ہو کر نہ رہے۔

جناب چیئرمین! اس کے علاوہ سندھ میں ضمنی انتخابات کا ذکر ہوا جس کے بارے میں آج کل کافی فضا کلیئر ہو رہی ہے اور ابھی اس بارے میں میں زیادہ کچھ نہیں کہوں گا لیکن یہ بات میں ضرور کہوں گا کہ آرٹیکل ۲۲۴ کے تحت جو ایک mandatory provision ہے اس پر rulings بھی آ چکی ہیں کہ ۲۲۴(۱) کے تحت ۶۰ دن کے اندر اندر الیکشن کرائے جائیں لیکن اس سے زیادہ وقفہ بھی ہو سکتا ہے۔ یہ گورنمنٹ اور الیکشن کمیشن کی صوابدید پر ہے جب تک آرٹیکل ۲۲۴(۲) کے تحت وہ حالات موجود نہ ہوں کہ fair اور honestly fair الیکشن ہو سکیں اور مواقع مل سکیں اور اس میں کوئی illegal practices نہ ہو ایسا ماحول نہ ہو اس وقت تک اس کو postpone کیا جا سکتا ہے اور ان کی

صوابدید پر ہے جب مناسب وقت آئے گا اور الیکشن کی اس میں تو آپ بہت سی باتیں پڑھ بھی رہے ہوں گے۔ اس بارے میں انشاء اللہ حتمی طور پر بہت جلد آپ کے سامنے رزلٹ آئیں گے۔

ایک بات اور بھی ہوئی کہ صوبہ سرحد کے نام پر میرے کچھ فاضل دوستوں نے اظہار خیال کیا اس کی تردید بھی ہوئی عباس شاہ صاحب نے اور بے شمار دوستوں نے اس پر اظہار خیال کیا اور اس بارے میں ایک ہی بات کہنا چاہتا ہوں کہ اس کا ایک constitutional حق through amendment موجود ہے۔ کچھ نے کہا کہ یہ تو بالکل ہی غلط بات ہے ہونا ہی نہیں چاہیئے۔ کچھ نے کہا کہ یہ ترمیم کے تحت ہو سکتا ہے تو یہ ایک ایسی بات ہے جسے افہام وتفہیم کے ساتھ اور مل کر اس بارے میں حتمی نتائج حاصل کر سکتے ہیں لیکن صرف یہ کہنا کہ پشتون یا پختون صوبہ کا نام رکھنے سے ہی اس کی نمائندگی ہوتی ہے اس کی واضح طور پر تردید ہوئی ہے۔ کہا یہ گیا ہے کہ افغان کا لفظ افغان افغانا کا لفظ پاکستان میں موجود ہے ۔ جب اس کا پمفلٹ لکھا گیا مرحوم رحمت علی صاحب نے اور اس کی وہاں جو کمیٹی موجود تھی ہمارے جو سردار یہ جو "پ" کے بعد "الف" آیا وہ افغانا کا تھا اور افغانی جو ہیں' اس میں موجود ہیں اور میں یہ بھی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ کہا یہ گیا اور واضح طور پر میں نے consult کیا کہ ہر پختون افغان ہے۔ ہر پختون افغان ضرور ہے لیکن ہر افغان پختون نہیں ہے وہاں بے شمار قبیلے بے شمار اس طرح موجود ہیں۔ صرف پختون نام رکھنے یا پختون خواہ یا پشتون نام رکھنے سے اس کی representation نہیں ہوتی لیکن یہ بہر حال صوابدید پر منحصر ہے کہ کس طرح اس کو ہینڈل کرتے ہیں۔ یہ کوئی انا کا مسئلہ نہیں ہے لیکن میں نہیں سمجھتا کہ صرف وہاں کا نام چونکہ پختون خواہ یا وہ نہیں رکھا گیا اس لئے کوئی ان کی تکذیب ہو رہی ہے۔ یہ بات میرا خیال ہے ہماری سمجھ سے بالا تر ہے ۔ تو میں یہاں اس بارے میں اسی پر اکتفا کروں گا۔

رہ گئی یہ بات جناب چیئرمین! کہ یہاں فارن پالیسی کے متعلق بھی اظہار خیال کیا گیا۔ صدر پاکستان کا خطاب فارن پالیسی چاہے وہ انڈیا ہو چاہے امریکہ ہو چاہے وہ افغانستان ہوکشمیر ہو وہ بوسنیا ہو اور ہرزیگوینیا ہو ان تمام کے متعلق یہ اظہار خیال نہ صرف بارہا موجودہ حکومت کی ترجیحی بنیاد پر ان کو حل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے بلکہ یہ ہماری کمٹمنٹ ہے ہم اس کے ساتھ کھڑے ہیں۔ اس کی زیادہ جو واضح طور پر منسٹر فار سٹیٹ فار فارن افیئرز نے کہی ہے ایک بار اپنی پالیسی سٹیٹمنٹ میں یہ بات کہی ہے ۔صدر پاکستان نے اپنے خطاب میں جو کچھ کہا ہے اس کی تائید کرتے ہوئے مزید اس میں اضافہ نہیں کر سکوں گا۔ لیکن ایک علیحدہ موضوع ہے جس پر اظہار

خیال کیا جا سکتا ہے اور اس بارے میں یہ ہاؤس غالباً اپنا اظہار خیال بھی کر چکا ہے۔

ابھی ایک بات رہ گئی جس کے بارے میں آج کل بہت زیادہ گرما گرمی ہے اور کہا بھی گیا ہے کہ آٹھویں ترمیم صدر پاکستان کا انتخاب جو ہے محض اس کو ایک دوسرے سے منسلک کرنے کی جو کوشش کی گئی ہے میں اس کی تردید کرتا ہوں کہ ان دونوں چیزوں کو بلا وجہ (ایک دوسرے سے) منسلک کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے ۔ صدر پاکستان کے انتخاب کا آٹھویں ترمیم سے کوئی تعلق نہیں ہے یہ مسئلہ اتنی جلدی شروع کر دیا گیا ہے حالانکہ ابھی تک آٹھ نو مہینے بقایا ہیں لیکن اس کے باوجود یہ معاملہ انشاء اللہ خوش اسلوبی سے طے ہو جائے گا۔ میں نہیں سمجھتا کہ یہ کوئی لڑائی کا موجب بنے گا لیکن اس سلسلے میں آٹھویں ترمیم کی جو بات ہے اس بارے میں میں صرف یہ عرض کروں گا کہ جہاں تک حکومتوں کے جو سسٹم تمام دنیا میں موجود ہیں ان میں یہ صحیح ہے کہ فیڈرل سسٹم بھی موجود ہے جو وفاق کی سطح پر فیڈریٹنگ یونٹس مل کر آپس میں بناتے ہیں جس میں وہ یونٹ اپنی خود مختاری کا مطالبہ بھی کرتے ہیں جس کو ہمارے آئین میں کافی حد تک طے کیا گیا ہے اور کئی ایک کے متعلق مزید باتیں بھی جناب عالی کی جا رہی ہیں اور unitary form of government جس طرح کہ آپ کو علم ہے کہ اسے وحدانی طرز حکومت پر چلایا جاتا ہے لیکن جو صدارتی نظام اور پارلیمانی نظام کی طرز حکومت ہے اس میں واضح فرق موجود ہے۔ اگر تو صدارتی حکومت ہو اور اس میں صدر ڈائریکٹ ووٹوں سے الیکٹ ہو کر آئے اور وہ answerable to the voters ہو اور اس کو question کیا جا سکے تو صدارتی نظام کے تحت اس کو کافی سارے اختیارات حاصل ہوتے ہیں۔

جہاں تک پارلیمانی نظام کا تعلق ہے ظاہر ہے کہ اس کی کچھ requirements ہوتی ہیں۔ جو لوگ answerable to the Cabinet, answerable to the Parliament, answerable to answerable the electoral at large جو ہیں ان کو اس کے جائز حقوق ملنے چاہئیں اور اس بارے میں مزید ابھی اس لئے نہیں کہوں گا کہ اس پر سٹڈی ہو رہی ہے ۔ وزیر اعظم نے اس پر کمیٹی بنائی ہے اور وہ اپنے دوستوں سے صلاح مشورہ کر رہے ہیں کیونکہ یہ بہت important ہے میں اس میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس میں کسی شخصیت کا یا ذاتیات کا کوئی تعلق نہیں یہ ملک کے مستقبل کا سوال ہے کہ ہم کس طرز حکومت پر اس ملک کو چلانا چاہتے ہیں کہ آیا ہم صدارتی نظام کو نافذ کرنے کی طرف بڑھ رہے ہیں یا ہم پارلیمانی نظام کو چلانے کے درپے ہیں۔ تو

یہ ایک بہت important issue ہے۔

ہمارے صدر پاکستان انتہائی زیرک سیاستدان ہیں اور ہمارے لئے قابل عزت ہیں ہم ان کا بہت احترام کرتے ہیں۔ اس میں ان کی ذات کے متعلق کوئی سوال نہیں ہے کہ خدا نخواستہ کوئی ان کی ذات کے خلاف ہم یا وزیر اعظم کوئی بات کرنا چاہتے ہیں۔ ان کی ذات کے خلاف کوئی ایسی بات ہو قطعاً کوئی ایسا اختلاف یا کوئی ایسی attempt موجود نہیں ہے بلکہ کوشش یہ ہو رہی ہے کہ ملک کو آئندہ کس طرح چلانا درکار ہے۔ اس کے لئے consensus کی ضرورت ہے یعنی اتنی بڑی امنڈمنٹ کے لئے اور تمام پی او ۱۴ جس کے تحت revival of Constitution کا آرڈیننس ہوا جس کے تحت کافی ساری دفعات کو تہہ تیغ کیا گیا اور پی او ۱۴ سے لے کر پی او ۲۰ تک بے شمار اس کے تحت amendments کی جاتی رہیں اور ultimately آٹھویں ترمیم کے ذریعے اس کو cool down کیا گیا اور اس کی کچھ rigidity کو ختم کیا گیا اور اس کے تحت بھی ایک given حالات کے تحت اس وقت جتنا کچھ ہو سکتا تھا ایک مارشل لاء گورنمنٹ سے جو حقوق حاصل کئے جا سکتے تھے اس وقت کے لوگوں نے لڑ جھگڑ کر حاصل کئے۔ ہم انہیں قابل تحسین جانتے ہیں لیکن اب کے حالات کے مطابق ہمیں آپس میں مشورہ کر کے consensus کر کے سب دوستوں کو شامل کر کے اس میں کسی کی ذات یا کوئی اور ایسا مقصد نہیں بلکہ اس میں objective قسم کی approach ہونی چاہئے subjective approach شخصیات کو سامنے رکھ کر نہ تو کوئی قانون بنانا چاہیئے نہ آئین میں ترمیم کرنے کی اجازت ہے ۔ تو یہ ایک ملک کے مستقبل کا سوال ہے انشاء اللہ بہتری کی طرف یہ قدم اٹھایا جائے گا۔ اس میں کوئی ایسی بات نہیں کی جائے گی جو consensus حاصل کئے بغیر یا باہم صلاح مشورے کے بغیر کوئی بات کی جائے۔ اس کے لئے مناسب اقدام مناسب وقت پر کیا جائے۔

میں اس کے ساتھ ہی یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہی تقریباً تمام points تھے جو میرے فاضل ممبران نے یہاں اٹھائے اور اسی کے مطابق تقریباً تقریباً لیکن اس میں فارن پالیسی کے جو تمام پوائنٹس ہیں ان کو میں touch نہیں کر رہا ہوں کیونکہ میں اس پہ اکتفا کر رہا ہوں جو صدر پاکستان نے خود بھی اپنے خطاب میں فرمائے اور الیکشن قوانین کے متعلق میں نے ذکر کر دیا ہے۔ پارلیمنٹ کی کارکردگی کے متعلق صدر پاکستان نے بھی کافی اپنی رائے کا اظہار کیا ہے کہ پارلیمنٹ کا حسن یہ ہے جمہوریت کا حسن یہ ہے کہ جب لوگ منتخب ہو کر لوگوں کے نمائندے بن کر آ

جائیں تو پارلیمنٹ کے اندر بحث و تمحیص اور افہام و تفہیم کے ساتھ مسائل کو حل کریں بجائے اس کے کہ ہم street power کے تحت اور long march کے ذریعے لوگوں کا سکون تہہ و بالا کر کے لاء اینڈ آرڈر کی صورت حال پیدا کر کے گھیراؤ جلاؤ کی پالیسی طے کر کے ان کے تحت ملکی مسائل کو حل کریں بلکہ ہمیں چاہیئے کہ پارلیمنٹ کے اندر جو قوانین موجود ہیں ان کے تحت ملکی مسائل حل کریں اور صدر پاکستان کے اپنے خلاف بھی ایک ایکشن ہو سکتا ہے وہ وزیر اعظم کے خلاف بھی ہو سکتا ہے۔ sitting government کے خلاف بھی ہو سکتا ہے۔ اس کے لئے واضح قوانین آئین میں موجود ہیں اس کے تحت پارلیمنٹ کے اندر رہ کر ہمیں سب کچھ کرنا چاہیئے اور جو خطاب زیر بحث ہے اس میں اور اس سے پیوستہ جو گزشتہ اجلاس تھا پارلیمنٹ میں جو اپوزیشن کا رویہ رہا اس میں لوگوں کو جگ ہنسائی کا موقع ملا ان جمہوری اداروں پر لوگوں کو طنز کرنے کا موقع ملا ان کا confidence shake ہوا میں ان کو touch نہیں کرنا چاہتا۔ آپ لوگ اس سے آگاہ ہیں۔ اللہ کا شکر ہے کہ اس موجودہ خطاب میں صرف اس پہ اکتفا کیا گیا کہ absent رہ کر اور absence میں ہی اپنا مقصد حاصل کرنے کی کوشش کی گئی لیکن اس کو بھی میں قابل تعریف نہیں سمجھتا انڈین پارلیمنٹ کو اگر اٹھا کر دیکھیں یعنی اس کی کارکردگی کے متعلق یہ ایک قابل گرفت punishable offence ہے کہ اگر پارلیمنٹ میں خطاب کے دوران کوئی ایسی بات کی جائے واک آؤٹ کیا جائے اس کی تضحیک کی جائے اور اس کو اس طریقے سے ڈسٹرب کرنے کی کوشش کی جائے تو یہ punishable offence ہے۔ اس سے پوری قوم کی تضحیک ہوتی ہے لوگوں کے سامنے جگ ہنسائی ہوتی ہے ۔ جو ہمارے missionaries یہاں بیٹھے ہوتے ہیں ان کی موجودگی میں اور لوگوں کی موجودگی میں اور جب تمام قوم اس کو دیکھ رہی ہوتی ہے اس قسم کا طرز عمل کسی طور پر سراہا نہیں گیا۔ اس لئے صدر پاکستان نے چاہا کہ ہم اپنے کردار کو بہتر کریں پارلیمنٹ کے اندر رہ کر مسائل کو حل کریں اور اللہ کا شکر ہے کہ اب ایک فضا ایسی بن چلی ہے ایک اب افہام و تفہیم کی فضا بن چلی ہے اور اب اس بارے میں کوشش ہو رہی ہے کہ ایک دوسرے کا نقطہ سمجھ کر بردباری برداشت اور صبر و تحمل کے ساتھ جو جمہوریت کا خاصا ہے جو پارلیمانی نظام کا ایک خاصا ہے جو حسن ہے اس کو اپناتے ہوئے ایک دوسرے کی بات سنی جائے اس سے استفادہ (حاصل) کیا جائے۔ اس سے ملک کو بہتری کی طرف لے جایا جائے اور مسائل جو اتنے گھمبیر ہیں ان کو حل کیا جائے۔

یہی وہ باتیں ہیں جس کے تحت صدر پاکستان نے اپنے خیالات کا اظہار کیا اور اس کے علاوہ جناب چیئرمین ! جس پر سب سے زیادہ توجہ دلائی گئی وہ خواندگی کی شرح تھی۔ آبادی میں اضافہ ماحول کی آلودگی اور خواتین کی نمائندگی جو میں نے عرض کر دی ہے کرپشن رشوت اور بدعنوانی کے متعلق جو اقدامات کئے جا رہے ہیں اور جس کی طرف نشاندھی کی گئی ہے اس سے استفادہ کرنے کی کوشش کی جائے گی اور ہم سب کی کوشش یہ ہے کہ ہم ماحول کی آلودگی کو آبادی میں اضافے کو اور ان تمام برائیوں کو جو سماجی معاشرتی اور سیاسی میدان میں آ گئی ہیں اس کا قلع قمع کیا جائے تا کہ اس کا منشاء اورمقصود حاصل کیا جائے میں اس کے ساتھ ہی آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے وقت دیا اور ممبران سینٹ کا بھی جنھوں نے اپنی قیمتی آراء سےہمیں نوازا۔ انشاء اللہ ہم ان سے پورا پورا استفادہ (حاصل) کرنے کی کوشش کریں گے۔

Thank you very much.

Mr. Chairman: Now before I put this motion to vote there is an amendment in the name of Syed Abdullah Shah Sahib.

لیکن عبداللہ شاہ صاحب آپ amendment پڑھیں لیکن اس میں مجھے ایک دقت نظر آ رہی ہے آپ کی amendment یہ ہے :۔

"That in the motion of thanks for the word 'gratitude the word 'regrets' be substituted."

تو اس کا یہ مطلب ہو گا کہ یہ motion of thanks کی بجائے motion of regrets ہو جائیگا۔

Syed Abdullah Shah: That is right.

Mr. Chairman: Then how can discussion take place on a motion of regret because the rule says :

"that the discussion shall take place on a motion of thanks and amendment can only be moved to a motion of thanks."

تو اس پہ ذرا مجھے kindly satisfy me on this۔

Syed Abdullah Shah: Sir, my submission is that the rule says :-

"that there will be a discussion on the Address of the President."

Mr. Chairman: No, it says :-

"that a discussion will be on a motion of thanks."

Syed Abdullah Shah: Sir, I will read it.

An Address by the President under clauses 1 and 3 of Article 56 shall be discussed by means of a motion of thanks.

I am saying the same thing.

جناب چیئرمین۔ تو آپ اس کو regrets کر رہے ہیں۔

Syed Abdullah Shah: No, Sir. As a member from Opposition because we have serious differences on whatever has been said in the Address.

جناب چیئرمین۔ نہیں وہ صحیح ہے لیکن اس کا طریقہ اور ہوتا ہے ناں۔

You say we express deep gratitute to the President for his Address but regret.

کہ اس نے فلاں بات نہیں کی۔ لیکن آپ یہ کہہ رہے ہیں کہ instead of thanks regret کر دیں تو وہ موشن ہی regret کا بن جائے گا۔

Syed Abdullah Shah: You can reject.......

Mr. Chairman: You can reject the motion of thanks or you can move an amendment to the motion of thanks but you cannot convert the motion of thanks to a motion of regret.

Syed Abdullah Shah: Sir, this is being too technical, but I have moved this motion.

Mr. Chairman: You see I am not being too technical. There is a reason for all this.

یہ ایک respect کا اظہار ہے for the Address of the President اور اس کی جو امنڈمنٹ ہوتی ہے وہ بھی motion of thanks میں ہوتی ہے یعنی motion of regrets جو پھر آپ کر دیں گے تو پھر ساری discussion فضول ہو گئی۔

How can we have a discussion on the motion of regrets?

Syed Abdullah Shah: You have discussed the motion of thanks.

Mr. Chairman: Rules say : "The discussion will only be on a motion of thanks."

Syed Abdullah Shah: Rules permit me to move an amendment.

Mr. Chairman: To the motion of thanks,

اس میں مسئلہ یہ ہے کہ discussion ہی نہیں ہو سکتا۔

Syed Abdullah Shah: No, it is a motion of thanks and I converted it into motion of regrets.

Mr. Chairman: Then there is no longer a motion of thanks.

Syed Abdullah Shah: No.

Syed Iqbal Haider: This is just a conventional title of this resolution. Title is not taken into interpretation of the meaning of the actual substance of the resolution. Title may be called motion of thanks which is a mere convenience for the reference purpose, but the motion itself can express regrets.

Mr. Chairman: No, you can move an amendment to the motion of thanks. But you can't convert a motion of thanks into motion of regrets.

Syed Iqbal Haider: Sir, the motion of thanks is only a title not the substance.

Mr. Chairman: The discussion can only take place on a motion of thanks. Discussion cannot take place…supposing, the Minister does not move a motion of thanks,

ڈسکشن ہی نہیں ہو سکتی۔

Syed Iqbal Haider: Sir, this is just a convention to call it motion of thanks. In the same manner that it is convention, that it is a Presidential Address. Whereas it is actually the Prime Minister, then the government's point of view which has nothing to do with the President. In the same manner, it is called a motion of thanks, but we all have expressed regrets. The majority of the Members has expressed regrets.

(مداخلت)

جناب چیئرمین۔ Normally طریقہ یہ ہوتا ہے کہ آپ یہ کہیں ۔

(مداخلت)

Lt.Gen.(Retd.) Saeed Qadir: Mr. Chairman, Sir, this is not fair at all that you are giving the floor to Senator Iqbal Haider. The motion has been moved by Abdullah Shah then why he should discuss that motion.

(interruption)

Syed Iqbal Haider: Mr. Chairman! he is the Chairman of the Privatization Commission.

ان کا بس چلے تو وہ اسمبلی کو بھی پرائیویٹائز کر کے ہم سب کی زبان بندی کر دیں۔

لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) سعید قادر ۔ انشاء اللہ ضرور کر دیں گے آپ -------

سید اقبال حیدر۔ ان کا تو بس چلے تو پورے پاکستان کو ختم کر دیں۔

جناب چیئرمین۔ سید اقبال حیدر صاحب پہلے ان کی بات سن لیں ناں۔ موشن ان کا ہے۔

سید اقبال حیدر۔ جنرل صاحب کی پرانی عادات ------ (مداخلت)

جناب چیئرمین۔ آپ کو موقع دیں گے آپ کی باری پر۔ آپ بیٹھیں۔

سید اقبال حیدر۔ جنرل صاحب کو پرانی عادت پڑی ہوئی ہے۔

جناب چیئرمین۔ آپ بیٹھ جائیں پہلے ان کی بات سن لیں۔

سید اقبال حیدر۔ جناب ان کو نہیں معلوم کہ اسمبلیاں کیسے چلتی ہیں۔ یہ پرائیویٹائزیشن کمیشن نہیں ہے۔

جناب چیئرمین۔ آپ کو اپنی باری پر موقع دے دیں گے میں ان سے بات -----

(interruption)

سید اقبال حیدر۔ ان کی انٹرپشن پر مجھے سخت اعتراض ہے کل بھی انہوں نے کیا تھا کل میں نے درگزر کیا تھا یہ جناب پرائیویٹائزیشن کمیشن نہیں ہے جہاں آپ من مانی کر لیں۔ دھاندلی کر لیں۔

جناب چیئرمین۔پلیز اقبال حیدر صاحب آپ تشریف رکھیں۔

سید اقبال حیدر۔ یہ اسمبلی ہے۔ یہ موقر ایوان ہے جس کے چیئرمین آپ ہیں اور میں اس اسمبلی کو پرائیویٹائز نہیں ہونے دوں گا۔

Lt. Gen. (Retd.) Saeed Qadir: Mr. Chairman, I must protest on this. There is no question of privatization.

جناب چیئرمین۔ میں پہلے یہ بات سن لوں پھر-----

Lt. Gen. (Retd.) Saeed Qadir: I have my own right as a Senator to protest on the remarks of the Senator that everybody expressed its regrets. Nobody expressed its regrets other than themselves. One or two Members of this House expressed regrets.

Syed Abdullah Shah: Sir, I am trying to submit before you.

جناب چیئرمین۔ ایک منٹ میں بات سن لوں پھر پوائنٹ آف آرڈر ۔

Syed Abdullah Shah: Sir, the Address of the President after the 8th Amendment has become a must for us to listen. Previous to that it was not so. He may address....

جناب چیئرمین۔ نہیں۔ اس پر تو کوئی جھگڑا نہیں ہے ناں ۔ جھگڑا یہ ہے -------

